سوال

(51) اذانِ فجر کے بعد حیض سے پاکی پر روزہ رکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی عورت اذان فجر کے فورا بعد حیض سے پاکیزگی حاصل کر لے تو کیا وہ اسی وقت سے کھانا پینا بند کر کے اس دن کا روزہ رکھ لے یا اس پر اس دن کے روزے کی قضا واجب ہو گی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر اس کا خون طلوع فجر کے وقت یا اس سے ذرا قبل بند ہوگیا تو اس کا روزہ اس دن میں درست ہو گا اور فرض ادا ہو جائے گا اگرچہ وہ صبح ہونے کے بعد غسل کرے۔ تاہم اگر اس کا خون صبح ہونے کے بعد بند ہوا تو اس صورت میں اس کا کھانا پینا بند کرنا روزہ شمار نہ ہو گا بلکہ وہ رمضان المبارک کے ختم ہونے کے بعد اس کو قضا کے طور پر رکھے گی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ الصیام

صفحہ: 108

محدث فتویٰ